مطبوعات

ENCOUNTER | مدیر البشیر اے، قریشی صاحب - مقام اشاعت: قصہ خوانی بازار پشاور

قیمت فی شمارہ: پاکستان میں ۵/- روپے - بیرون پاکستان (ترسیل بذریعہ ہوائی ڈاک) ۸ ڈالر امریکی

رزم گاہ تاریخ میں اس ماہنامے کا ظہور گویا "ہل من مزید" کی پکار ہے۔ قریشی صاحب جو مشکل ادوار میں "پی پی آئی" میں ذمہ دارانہ خدمات انجام دے چکے ہیں، اپنی فرض شناسی اور قابلیت کی بنا پر دنیائے صحافت میں بڑے مقامِ ثقاہت و اعتبار تک پہنچے۔ ہمیں خوشی ہے کہ اس دور میں جبکہ صحافت (اخبار نویسی + صحیفہ نگاری) ایک صنعت اور کاروبار بن چکی ہے، قریشی صاحب نے (ENCOUNTER) کا اجرا بڑا واضح پیغام و مقصد سامنے رکھ کر کیا ہے۔ وہ ہے اسلام کے عالمی پیغام کو پھیلانا جس کے نتیجے میں انسانیت کو کسی طرح کی رخنہ اندازی کے بغیر مکمل امن حاصل ہوتا ہے۔ اس پیغام کا اولین تقاضا خداوند تعالیٰ کے حضور میں بلا چون و چرا سرِ تسلیم خم کرنا ہے۔

پہلے شمارے میں نہایت اہم موضوعات پر ابوالحسنین محمد یوسف علی، ڈاکٹر محمد باقر، فضیلت افضل سید اسعد گیلانی، شاکر صنوانی، خواجہ امجد سعید اور مریم جمیلہ کی تحریریں شامل ہیں۔ دوسرا شمارہ موصول ہوچکا ہے جس سے اعتماد بڑھتا ہے کہ اس میگزین کی بنیاد مضبوط ہوگی۔

انگریزی میں اسلامی نقطۂ نظر سے اصولی اور عملی مسائل سے تعرض کرنے والے اس تحریک انگیز رسالے کو خدا ترقی دے۔

روس کے مسلمان | از جناب ثروت صولت - بہ اہتمام ادارہ معارفِ اسلامی کراچی - ناشر: مکتبہ تعمیرِ انسانیت اردو بازار لاہور ۲ - صفحات: ۳۲۸ - مجلد - قیمت: ۳۹/- روپے

روس ہمارا ہمسایہ ملک ہے اور ہمارا کوئی تاریخی یا نسلی عناد اس سے نہیں ہے۔ البتہ روس